ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((366

06.08.25

بہاولپور(         )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ماہ جولائی2025 کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی۔ ضلع بھر میں 3231 مقدمات درج رجسٹر ہوئے۔ 4187ملوث ملزمان میں سے 2056ملزمان گرفتار کرکے چالان عدالت کئے جاچکے ہیں جبکہ 313 مقدمات جھوٹے ہونے کی بناء پر خارج کئے ہوئے۔ قتل کے 03 جبکہ اقدام قتل کے 11 مقدمات درج رجسٹرڈ ہوئے۔ اغواء کے 55 مقدمات درج رجسٹر ہوئے۔ جن میں سے 36 مقدمات خارج ہو چکے ہیں، ملوث ملزمان میں سے 18 ملزمان گرفتار ہوئے۔ ریپ کے 37 مقدمات درج رجسٹر کئے گئے جن میں سے 05 مقدمہ جھوٹے ہونے کی بناء پر خارج ہوئے اور ملوث ملزمان میں سے 55 ملزمان گرفتار کرکے چالان عدالت کئے گئے۔ ڈکیتی، سرقہ بالجبر کا01 مقدمہ درج ہوا جو کہ زیر تفتیش ہے۔ ناجائز اسلحہ کے خلاف کریک ڈاون کرتے ہوئے بہاول پور پولیس نے گزشتہ ماہ میں89 مقدمات درج رجسٹر کرکے ملوث 89ملزمان کو گرفتار کرکے اُن کے قبضہ سے 03رائفل، 3رپیٹر، 04ریوالور/پسٹل، 02 کاربین، پسٹل 69، بندوق 05اور 235 گولیاں اسلحہ ناجائز برآمد کیا۔ منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 154 مقدمات درج رجسٹر کئے اور 154 ملزمان کو گرفتار کرکے اُن کے قبضہ سے 148 کلو858 گرام چرس، افیون 33 کلو600 گرام، ہیروئن 02 کلو630 گرام، کرسٹل آئس 949 گرام، تقریباً01 من کے قریب بھنگ، 2524لیٹر شراب، 418لیٹر لہن اور 08 چالو بھٹیاں قبضہ پولیس میں لی گئیں۔ جوئے کے خلاف 04 مقدمات درج رجسٹر ہوئے اور 17 ملوث ملزمان میں سے 14 ملزمان گرفتار کئے۔ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ڈکیتی، راہزنی، وغیرہ کی مختلف وارداتوں میں ملوث 04 گینگز کو ٹریس کرکے اُن کے 30 ملزمان میں سے 30 ملزمان کو گرفتار کیا۔ جن سے پرانے اور نئے 42 مقدمات ٹریس ہوئے۔ ان گینگ سے 60لاکھ 95ہزار روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد کیا جاچکا ہے۔ ریکوری کے مقدمات میں بہاول پور پولیس نے 33 موٹر سائیکلز کے علاوہ 67لاکھ سے زائد مالیت کی ریکوری کی۔ نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کرتے ہوئے لاوڈ اسپیکر کی خلاف ورزی کرنے پر 35 مقدمات درج کیے گئے جن میں ملوث 35 ملزمان میں سے 18 ملزمان کو گرفتار کرکے پیش عدالت کیا جاچکا ہے۔ ای گیجٹ ایپ کے ذریعے چوری اور چھینے گئے 79 موبائل فونز ریکور کرکے اصل مالکان کے حوالے کئے گئے ۔ مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے A کیٹگری کے 35 مجرمان اشتہاری اور B کیٹگری کے 209 مجرمان اشتہاری سمیت کل 244 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا گیا۔ اسی طرح عدالتی مفروران کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 32 عدالتی مفروران کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے ماہ جولائی 2025 کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((367

06.08.25

**بہاولپور(            )ڈی آئی جی ایڈمن اینڈ اسٹیبلشمنٹ ساؤتھ پنجاب شعیب خرم جانباز کا ضلع بہاولپور کا وزٹ، پولیس لائنز پہنچنے پر ڈی پی او سید محمد حسن اقبال نے استقبال کیا اور پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سلامی پیش کی، یاد گار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ڈی آئی جی نے ایم ٹی سیکشن اور سیف سٹی، وائرلیس ٹریننگ سکول، ڈی پی او آفس، پولیس خدمت مرکز اور ضلع کے مختلف تھانہ جات کا وزٹ کیا۔**

تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی ایڈمن اینڈ اسٹیبلشمنٹ ساؤتھ پنجاب شعیب خرم جانباز کا ضلع بہاولپور کا وزٹ، پولیس لائنز پہنچنے پر ڈی پی او سید محمد حسن اقبال نے استقبال کیا اور پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سلامی پیش کی، یاد گار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ڈی آئی جی ایڈمن اینڈ اسٹیبلشمنٹ نے ایم ٹی سیکشن میں گاڑیوں کی انسپکشن کی اور ریکارڈ چیک کیا۔بہاولپور سیف سٹی کے وزٹ کے موقع پر کیمروں کی مانیٹر نگ کا جائزہ لیا۔ایس پی سیف سٹی محمد کاشف عبداللہ نے بریفنگ دی۔وائرلیس ٹریننگ سکول کے وزٹ کے موقع پر تمام انتظامی اور تربیتی امور کا جائزہ لیا اور زیر تربیت جوانوں سے ملاقات کی۔ڈی آئی جی نے ڈی پی او آفس کے وزٹ کے موقع پر مختلف برانچز کا دورہ کیا اور برانچز ہائے کے ڈیجیٹل و مینوئل ریکارڈ کا معائنہ کیا۔بعد ازاں انہوں نے ڈی پی او بہاولپور محمد حسن اقبال، ایس پی انوسٹی گیشن سید جمشید علی شاہ اور برانچز ہیڈ سے میٹنگ کی۔میٹنگ میں ڈی پی او بہاولپور نے ڈی آئی جی کو مجموعی صورت حال، کرائم اور پولیس ورکنگ سے متعلق بریفنگ دی۔اس موقع پر ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ نے بات کرتے ہوئے ہدایات جاری کیں کہ وہ سنگین جرائم قتل، ڈکیتی، تیزاب گردی، گینگ ریپ وغیرہ کی مانیٹر نگ خود کریں۔منشیات، جوا خانہ، قحبہ خانہ، ناجائز اسلحہ خصوصا کلاشنکوف رکھنے والوں کے



بہاول پور: ڈی آئی جی ایڈمن اینڈ اسٹیبلشمنٹ ساؤتھ پنجاب شعیب خرم جانباز کا ضلع بہاولپور کا وزٹ